**17/06/2025**

**07.4O PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

**........ * وزیراعظم نریندر مو دی گروپ7اجلاس میں شرکت کی غرض سے پہنچ گئے کینیڈا۔**

**........ * وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر میں سیاحتی منظر نامے کو دوام بخشنے کا دہرایا عزم۔**

**........ * مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن نے سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران شری امر نا تھ جی یاترا کے انتظامات کا لیا جائزہ۔**

**اور**

**........ * فریضہ حج ادا کرنے کے بعد جمونو کشمیر کے حجاج کرام کی وطن واپسی کا سلسلہ آج سے شروع۔**

**<u>و زیر اعظم</u>**

**وزیر اعظم نریندر مو دی کینیڈا کے2 روزہ دورے پر آج Calgary پہنچ گئے جہاں وہ جی 7اجلاس میں شرکت کررہے ہیں۔ اس اجلاس کے دوران مستقبل میں توانائی کی کفایت، ٹیکنالوجی، بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کا ری جیسے اہم شعبوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔**

**ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ اجلاس کے حاشیے پر وہ جی7 ممالک کے لیڈروں کے ساتھ ساتھ بعض دیگر ممالک کے سربراہوں کے ساتھ کئی کلیدی عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔**

## G-7

جی7 ملکوں کے لیڈروں نے مشرق وسطیٰ میں امن اور استحکام کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کو دہرایا ہے۔

ایک مشترکہ بیان میں ان ملکوں نے مشرق وسطیٰ میں بڑھتے تناؤ کے دوران شہریوں کو تحفظ دیئے جانے کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے۔

## تہران

ایران میں بھارت کے سفارت خانے نے تہران میں موجود بھارتی طلباءکو محفوظ مقامات پر پہنچا دیا ہے۔یہ جانکاری وزارت خارجہ نے ایک بیان میں دی ہے۔

بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اپنے ٹرانسپورٹ کا بندوبست والے دوسرے بھارتی باشندوں کو بھی مشورہ دیا گیا ہے کہ حالات کے پیش نظر وہ بھی وہاں سے محفوظ مقامات پرچلے جائیں۔

## وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت جمونو کشمیرمیں سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے نیز زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

سرینگر میں آج انڈین ایسوسی ایشن آف ٹور آپریٹرس کے ایک وفد کے ساتھ وادی میں سیاحت کی بحالی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کرنے کے دوران وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یوٹی میں سیاحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بڑے پیمانے پر بڑھاوا دینے کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

عمر عبداللہ نے کہا کہ کشمیر کےلئے ریل خدمات کو لوگ کا فی پسند کرتے ہیں اور ان خدمات میں اضافہ کرنے کا معاملہ ریلوے کی وزارت کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

انہوننے وفد پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو وادی کی طرف مائل کرنے میں اپنا بھر پور رول ادا کریں۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

## ٹراول

دریں اثناءٹریول ایجنٹس فیڈریشن آف انڈیا کے قومی صدر اجے پرکاش نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کو قدرت نے بے پناہ خوبصورتی سے مالا مال کیا ہے اور اُن کا ادارہ سیاحتی سیکٹر کو دوبارہ پٹری پر لانے میں اپنا کلیدی رول ادا کرے گا۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا ۔

## داخلہ سیکریٹری

مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن نے آج پولیس ہیڈ کواٹر سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران3جولائی سے شروع ہونے والی شری امرنا تھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جارہے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے یاترا کے احسن انعقاد کےلئے سراغ رسانایجنسیوں، فوج، نیم فوجی دستوں اور دیگر ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ داخلہ سیکریٹری نے یاترا کی پوری مدت کے دوران انتہائی چوکسی برتنے کی بھی ہدایات دیں۔

GOC میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلین پربھات، فوج کی15ویں کور کے سی آئی ڈی نتیش کمار اور کئی دیگر افسران بھی موجود ADGلیفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستوا، تھے۔

## سکینہ ایتو

اس دوران صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج پہلگام میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے طبی انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہو ں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پہلگام اورچندن واڑی میں قائم بیس اسپتالوں سمیت تمام طبی مراکز کو یاترا سے پہلے چالو کریں ۔ انہوں نے کہا کہ تمام طبی اداروں کو سہولیات اور افرادی قوت سے لیس کیا جانا چاہئے۔

انہوننے کہاکہ یاترا کے دوران یاتریوں میں احتیاطی تدابیر سے متعلق زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کی جانی چاہئے۔

## پا بندی

اس دوران محکمہ داخلہ جموں و کشمیر کی طرف سے جا ری ایک حکم نامے میں بتایا گیا ہے کہ شری امرنا تھ جی یاترا کے سلسلے میں یکم جولائی سے10اگست تک پہلگام اور بالتل دونوں راستوں کو No flying zone-رہیں گے

، ڈرونز UAVs جسکی رو سے ان راستوں پر تمام قسموں کی فضائی سرگرمیوں نیز اُڑانے پر پا بندی عائد ہو گی-Baloonsاور

حکم نامے کے مطابق یہ پا بندی میڈیکل ایمرجنسی، ڈیزاسٹرمنیجمنٹ اور حفاظتی عملے کی طرف سے کی جا رہی نگرانی پر لاگو نہیں ہو گی۔

**حجاج واپسی**

فریضہ حج ادا کرنے کے بعد جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے حجاج کرام کی وطن واپسی کا سلسلہ آج سے شروع ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں تمام تر انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔

جمونو کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ واپسی کی پہلی پرواز آج سرینگر پہنچے گی۔

**یو گا دلی**

یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب صرف تین دن باقی رہ گئے ہیں اور اس دن کی مناسبت سے تیاریاں اور سرگرمیاں رفتہ رفتہ اپنے عروج کو پہنچ رہی ہے۔

نئی دلی میں مورار جی دیسائی نیشنل انسٹی چیوٹ آف یو گا کی طرف سے آج یو گا بندھن پروگرام کااہتمام کیا گیا جس میں ڈنمارک، انڈونیشیا ، ملیشیا، جنوبی کوریا، ارجنٹینا اور کئی دیگر ممالک کے مندوبین نے شرکت کی۔

تقریب سے خطاب کر تے ہوئے آیوش وزارت کے سیکریٹری وِیدیا راجیش کوٹیچا نے کہا کہ وفد کے ارکان نے اپنے اپنے ملکوں میں یو گا کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

**یو گا اہمیت**

ادھر21جون کو منائے جانے والے یو گا کے بین الاقوامی دن اور انسان کی جسمانی اور ذہنی نشونما کو فروغ دینے کےلئے یوگا کی اہمیت کے بارے میں آکاشوانی اور دوردرشن شملہ کی سابق پروگرام سربراہ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر و آرٹ آف لِونگ شملہ چیپٹر کی سینئر فیکلٹی ممبر دارا سرسوتی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نا گالینڈ میں " دھرتی آبا جن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان" کے ایک حصے کے طور پر ایک نمائش کا افتتاح کیا۔

انہوں نے بعد میں وہاں لگائے گئے سٹالوں کا معائنہ کیا۔ نمائش کے دوران شمولیاتی ترقی، قبائلی طبقے کی بہبودی اور مرکزی سرکار کی سکیموں کو اُجاگر کیا گیا۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**رحیم راتھر**

جموں وکشمیر اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج چرار شریف حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں جا ری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

انہوںنے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ترقیاتی کاموں کی معیاد بند تکمیل کو یقینی بنانے کےلئے کام میں سرعت لائیں۔کئی مقامات پر مقامی لوگوں نے سپیکر کی نوٹس میں اپنے اپنے مسائل لائے۔

**جا وید رانا**

جل شکتی کے وزیر جا ویداحمد رانا نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران پیر پنچال خطے میں زیر عمل واٹر سپلائی سکیموں کے کام کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر انہوںنے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ عام لوگوں تک پینے کا صاف پانی پہنچانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کریں۔

**سجاد غنی**

ہندوارہ کے اسمبلی ممبر سجاد غنی لون نے ایک میٹنگ کے دوران اپنے حلقے میں عملائی جا رہی متعدد سرکاری سکیموں اور ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوںنے ترقیاتی کاموں اور سکیموں کی بروقت اور موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کےلئے بنیادی سطح پر باہمی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

انہوںنے کہا کہ وہ ہندوارہ حلقے کے تمام علاقوں کی شفاف اور مساوی ترقی کے وعدہ بند ہیں۔

**بین الاقوامی دن**

آج پوری دنیا میں زر خیز زمین کو بنجروں میں تبدیل کرنے کے عمل کے خلاف نیز خشک سالی سے متعلق بیداری پیدا کرنے کابین الاقوامی دن ہے۔ آج کے دن اُن اختراعی اقدامات کو اُجاگر کیا جاتا ہے جن کی بدولت خشک سالی پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ بنجر زمین کی زرخیزیت بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔

اس حوالے سے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسزاینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**عرس /NC**

**بلند پایہ ولی کامل خواجہ حبیب اللہ نوشہری ؒ کے عرس مبارک کی اختتامی تقریب آج اُن کے آستان عالیہ واقع نو شہرہ میں منعقد ہوئی جہاں نماز ظہر سے قبل جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے وعظ و تبلیغ فرمایا۔**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمرعبداللہ نے اس عرس مبارک کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔**

**خانیار نے اما م بارگاہ حسن آباد میں MLA دریں اثناءنیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور ایک میٹنگ کے دوران محرم الحرام کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کاجائزہ لیا۔ انہوننے متعلقہ محکموں پرزور دیا کہ وہ ایام متبرکہ کے دوران شیعہ آبادی والے علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر تمام انتظامات مکمل کریں۔**

**نشہ مکت ابھیان**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینوادی کے ایک ماہر تعلیم غلام حسن طالب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔**

**بی جے پی**

**بی جے پی کے قومی جنرل سیکریٹری ترون چگ نے جمونو کشمیر میں16 سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولنے کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے فیصلے کی سراہنا کی ہے۔**

**ایک بیان میں انہوننے کہا ہے کہ وادی میں سیاحتی سیکٹر کی بحالی سے یہ بات واضح ہو جا تی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت جمونو کشمیر میں امن اور ترقیاتی عمل کو تقویت بخشنے کی وعدہ بند ہے۔**

**ACB**

**اینٹی کورپشن بیورو نے اپنی جائز آمدنی سے زیادہ اثاثے جمع کرنے کی پا داش مینمال محکمے سے تعلق رکھنے والے ڈونی واری لولاب کے رہنے والے ایک پٹواری ایوب خان کے خلاف کیس درج کیا ہے۔**

**داخلہ**

**اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے اس سال جولائی سیشن کےلئے مختلف کورسوں میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔**

**خواہشمند امیدوار 15جولائی تک آن لائن اپنی درخواستیں جمع کراسکتے ہیں۔**

## بارہمولہ

گورنمنٹ ڈگری کالج بارہمولہ کے میڈیا سٹیڈیز شعبے کی طرف سے آج میڈیا فیسٹول2025 کا انعقاد کیا گیا ، جس دوران طلباءکے ٹیلنٹ اور انکی تخلیقی صلاحیتوں کی عکاسی کی گئی۔

بعد میں مختلف زمروں میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباءمیں انعامات تقسیم کئے گئے۔

## لیہہ

مرکزی وزیر خزانہ نر ملا سیتا رمن نے لیہہ کے اپنے حالیہ دورے کے دوران وہاں لگائی گئی ایک بڑی نمائش کا مشاہدہ کیا۔

لیہہ میں یوٹی انتظامیہ کی طرف سے منعقد کی گئی اس نمائش کے دوران لدا خ خطے کی ثقافت، صنعت کا ری، زراعت اور دیگر شعبوں کی بھر پور عکاسی کی گئی تھی۔

## فوجی مشق

فوجی اہلکاروں پر مشتمل بھارتی فوج کا ایک دستہ فرانس میں18جون سے یکم جولائی تک 90 میں شرکت کی غرض سے Shakti منعقد ہونے والی8ویں بھارت۔فرانس مشترکہ فوجی مشق فرانس کےلئے روانہ ہوا ہے۔

اس دستے میں زیادہ تر اہلکار جمونو کشمیر رائلفلز سے تعلق رکھتے ہیں۔

## فوجی سربراہ

Chiefs"اس دوران فوجی سربراہ جنرل اُپیندر دِویدی اور فوج کے سابق سربراہوں کے درمیان نامی دو روزہ استفساری پروگرام آج سے نئی دلی مینشروع ہوا۔ "Chintan

آج آپریشن سندورسے متعلق بریفنگ دی گئی اور اس میں فضائی اور بحری فوج کے رول کو بھی اُجاگر کیا گیا۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 اعشاریہ 35اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور**

**غروب آفتاب شام7بجکر45منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**

**.....................................**

**.........................**

**.......................**

**,....**